عشرة ذوالحجّہ

ePamphlet

رمضان المبارک کے بعد ذوالحجہ کا مہینہ اسلامی مہینوں میں نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ یہ مہینہ حرمت والے مہینوں (محرم، رجب، ذوالقعدہ اور ذوالحجہ) میں سے ایک ہے۔ ذوالحجہ کا پہلا عشرہ (پہلے دس دن) نیکیوں اور اجر و ثواب کے اعتبار سے عام دنوں کے مقابلے میں بہت اہم ہے، جس کی فضیلت قرآن مجید اور احادیثِ رسول ﷺ سے ثابت ہے۔

☆ قرآن مجید میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس (عشرہ ذوالحجہ) کی قسم کھائی ہے۔

وَالْفَجْرِ ۝ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۝ [الفجر:2-1]

"قسم ہے فجر کی اور دس راتوں کی"۔

اکثر مفسرین کے نزدیک "لَيَالٍ عَشْرٍ" سے مراد ذوالحجہ کی ابتدائی دس راتیں ہیں۔

☆ اللہ تعالیٰ نے ان دس دنوں میں اپنے ذکر کا خاص حکم دیا ہے۔ ارشاد فرمایا:

...وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ... ۝ [الحج:28]

"...اور وہ معلوم دنوں میں اللہ کو خوب یاد کریں..."

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ان معلوم دنوں سے مراد عشرہ ذوالحجہ کے دس دن ہیں۔ [صحیح البخاری: باب 11 فضل العمل فی ایام التشریق]

☆ عشرۂ ذوالحجہ میں سے نواں دن یوم عرفہ ہے۔

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

عرفہ کے دن کے سوا کوئی دن ایسا نہیں ہے جس میں اللہ کثرت سے بندوں کو آگ سے آزاد کرتا ہو۔ [صحیح مسلم:3288]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

عشرۃ ذوالحجّہ

☆ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں ،

آپ نے فرمایا:

کوئی دن اللہ تعالیٰ کے ہاں ان دس دنوں سے زیادہ عظمت والا نہیں اور نہ ہی کسی دن کا عمل اللہ تعالیٰ کو ان دس دنوں کے عمل سے زیادہ محبوب ہے پس تم ان دس دنوں میں تہلیل (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) اور تکبیر (اَللّٰهُ اَکْبَرُ) اور تحمید (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ) کثرت سے کہو۔

[مسند أحمد، ج: 9، 5446]

☆ ان دس دنوں میں کیے جانے والے اعمال اللہ تعالیٰ کو دوسرے دنوں کی نسبت زیادہ محبوب ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

کسی بھی دن میں کیا ہوا نیک عمل اللہ تعالیٰ کو ان دس دنوں میں کیے ہوئے عمل سے زیادہ محبوب نہیں ہے۔ انہوں (صحابہ رضی اللہ عنہم) نے کہا:

اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں؟

آپ نے فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں مگر وہ شخص جو اپنی جان اور مال کے ساتھ نکلے اور کوئی چیز واپس لے کر نہ آئے۔

[سنن أبي داؤد: 2438]

☆ عشرۂ ذوالحجہ کا آخری (دسواں) دن یوم النحر، قربانی کا دن ہے۔ جس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے عظیم دن یوم النحر (قربانی کا دن) اور یوم القرِّ (11 ذوالحجہ) کے دن ہیں۔

[سنن أبي داؤد: 1765]

©AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

تکبیرات

عشرۂ ذوالحجہ کے دس دنوں میں ابن عمر رضی اللہ عنہما اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بازار کی طرف نکلتے تو تکبیرات کہتے اور لوگ بھی ان کے ساتھ تکبیرات کہنا شروع کر دیتے۔ [صحیح البخاری: کتاب العیدین، باب:11]

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مختلف تکبیریں پڑھنا ثابت ہے، مثلاً

اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ.

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے لیے سب تعریف ہے۔

[مصنف ابن أبي شيبه، ج:3، 5694]

اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا، وَسُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا.

اللہ سب سے بڑا ہے، بہت بڑا ہے، اللہ کے لیے بہت زیادہ تعریف ہے اور صبح وشام اللہ کے لیے پاکیزگی ہے۔ [صحیح مسلم:1358]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

June 22 | E3-P1

الہدیٰ پبلی کیشنز (پرائیوٹ) لمیٹڈ

7-اے کے بروہی روڈ، H-11/4 اسلام آباد، پاکستان +92-51-4866150-1 +92-51-4866125-9

کراچی: +92-21-35844041 لاہور: +92-42-35239040-1

www.alhudapublications.org | www.alhudapk.com

www.farhathashmi.com

06010006

AL-HUDA Publications (Pvt) Ltd.

عشرہ ذوالحجہ میں کرنے کے کام

عشرۂ ذوالحجہ اہل ایمان کے لیے نیکیاں کرنے اوراجروثواب حاصل کرنے کا بہترین موقعہ ہے۔ایک مسلمان کو درج ذیل اعمال سال کے بارہ مہینوں میں کرنے چاہییں مگر عشرۂ ذوالحجہ میں حج کے علاوہ دیگر نیک اعمال اللہ تعالیٰ کو دوسرے دنوں کی نسبت زیادہ محبوب ہیں۔اس لیے ان دنوں میں کوشش کر کے زیادہ سے زیادہ نیک اعمال کریں۔

نماز

- جماعت کے ساتھ نمازیں ادا کرنا
- مسجدوں میں دل لگانا اور انہیں آباد رکھنا
- فرض نمازیں اوّل وقت میں ادا کرنا
- رکعتوں میں سورتیں بدل بدل کر پڑھنا
- مؤکدہ سنتیں ادا کرنا
- نمازوں کے ساتھ زائد نوافل کا اہتمام کرنا
- تہجد، اشراق، تحیۃ الوضو کے نوافل ادا کرنا
- گھر والوں اور بچوں کو نماز کی یاددہانی کروانا
- ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا

روزہ

- نو ذوالحجہ، یوم عرفہ کا روزہ رکھنا (رسول اللہ ﷺ نے یوم عرفہ کے روزہ کو گزشتہ سال اور آئندہ سال کے گناہوں کا کفارہ بتایا ہے) نوٹ: حاجی میدان عرفات میں یہ روزہ نہیں رکھے گا۔
- یکم سے نو ذوالحجہ تک مسلسل نفلی روزے رکھنا
- اس کی استطاعت نہ ہو تو اس دوران آنے والے پیر اور جمعرات کے روزے رکھنا
- ان مبارک ایام میں قضا روزے بھی رکھے جا سکتے ہیں

قرآن مجید

- خوش الحانی سے قرآن مجید کی تلاوت کرنا
- قرآن مجید کی تلاوت سننا
- قرآن مجید کے ترجمہ کی دہرائی کرنا
- قرآن مجید کی تفسیر پڑھنا یا سننا
- قرآن مجید میں تدبر کرنا
- قرآن مجید کا کچھ نہ کچھ حصہ حفظ کرنا
- قرآن مجید کی تعلیم وتدریس کا اہتمام کرنا
- کوئی تجوید درست کرنا چاہے تو اس کی مدد کرنا
- مساجد اور دیگر دینی اداروں میں قرآن مجید کے نسخہ جات ہدیہ کرنا

ذکرودعا

- عشرہ ذی الحجہ میں زیادہ توجہ، شعور اور پابندی سے مختلف مواقع اور اوقات کے اذکار پڑھتے رہنا
- کثرت سے تکبیرات پڑھتے رہنا
- تہلیل، تسبیح اور تحمید کو لازم کرنا
- اذان کا جواب دینا
- نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا
- اذان اور اقامہ کے درمیان خصوصاً دعائیں کرنا
- نماز کے بعد کے مسنون اذکار پڑھنا
- کثرت سے استغفار کرنا
- فوت شدہ اقرباء کے لیے مغفرت طلب کرنا

صدقہ وخیرات

- پسندیدہ ترین چیز اللہ کی راہ میں دینا
- عزیز واقارب اور مساکین پر خرچ کرنا
- ضرورت مند قرض طلب کرے تو اسے قرض دے دینا یا کسی کے قرض کی ادائیگی کرنا
- تنگ دست کا قرض معاف کر دینا یا اس میں کمی کرنا یا مہلت دے دینا
- اپنا سرمایہ دینی فلاح وبہبود کے لیے وقف کرنا
- دین کی نشرواشاعت کے کاموں پر خرچ کرنا
- مسافروں اور راہگیروں کی راحت اور سہولت کے لیے سایہ دار درخت یا ٹھنڈے پانی کا کولر لگوانا

عیدوقربانی

- قربانی تک ناخن اور بال نہ کاٹنا
- قربانی کے جانوروں کو خوب پال کر موٹا کرنا
- محتاج کو بکری ہدیہ کرنا تاکہ وہ قربانی کر سکے
- عید کی سنتوں پر عمل کرنا
- نماز عید ادا کرنا
- اخلاصِ نیت سے قربانی کرنا
- قربانی، عید کی نماز ادا کرنے کے بعد کرنا
- قربانی کا گوشت کھانا اور دوسروں کو کھلانا
- قربانی کا گوشت تقسیم کرنا
- عزیز واقارب سے ملاقات کرنا

خدمتِ خلق

- صلہ رحمی کرنا
- والدین اور بیوی بچوں پر خرچ کرنا
- بچوں کے ساتھ شفقت سے پیش آنا
- گھر کے کام کاج میں گھر والوں کی مدد کرنا
- پڑوسی سے حسن سلوک کرنا
- جھگڑا کرنے والوں کے درمیان صلح کروانا
- جھگڑا یا اختلاف کرنے والوں سے درگزر کرنا
- مظلوم کی مدد کر کے اسے خوشی بہم پہنچانا
- حق دار کو اس کا حق دلوانا
- مسلمانوں کی ضروریات پوری کرنا اور ان کے ساتھ اچھا معاملہ کرنا
- مسلمانوں کی عزتوں کا دفاع کرنا

- علماء اور بزرگوں کی عزت اور خدمت کرنا
- نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرنا
- اللہ کی خاطر عام مسلمانوں سے اخوت ومحبت رکھنا
- مہمان کا اکرام کرنا
- موقع کی مناسبت سے تحفہ دینا
- کھانا کھلانا، پانی پلانا
- اللہ کے ڈر سے رونا
- مصیبت زدہ اور غم گسار کو تسلی دینا
- مریضوں کا علاج کروانا اور ان کی عیادت کرنا
- خوف زدہ کی وحشت دور کرنا
- یتیم کی کفالت کرنا اور ان کے سر پر ہاتھ پھیرنا
- بیوہ کی مدد کے لیے دوڑ دھوپ کرنا

خدمتِ خلق

- حاجیوں، مسافروں، قیدیوں یا کسی مجبوری میں پھنسے ہوئے لوگوں کے گھر والوں کی دیکھ بھال کرنا
- کسی کارِ خیر میں رضا کارانہ خدمت انجام دینا
- مسجدوں کے تعمیراتی کاموں میں حصّہ ڈالنا
- مسجدوں کی خدمت مثلاً مرمت، صفائی یا ضروریات کی چیزیں مہیا کرنے میں پہل کرنا
- اپنے گلی، محلّہ کی صفائی کرنا
- نادار طلبا کے خرچ کی ذمہ داری لینا، تعلیمی کامیابیوں پر ان کی حوصلہ افزائی کرنا اور انعامات دینا
- ہنر مند کو کام دلانا، معذور کی مدد کرنا
- احسان جتائے بغیر لوگوں کی تربیت کرنا
- کسی کو بلا معاوضہ کوئی ہنر سکھا دینا

متفرقات

- مویشیوں اور پرندوں کی خوراک اور پانی کا انتظام کرنا
- طویل عرصہ تک خشک سالی کا سامنا کرنے والی آبادیوں میں پانی کی فراہمی کے لیے مشترکہ کام کرنا
- اللہ کا چہرہ چاہنے کے لیے نیکیوں کا متلاشی رہنا
- بے مقصد کاموں اور لغو باتوں سے پرہیز کرنا
- تمام قسم کے حرام کاموں سے بچنے پر کاربند رہنا
- بے حیائی اور فحش کاموں سے دور رہنا اور اپنے اہل وعیال کو بھی اس کی تلقین ونصیحت کرتے رہنا
- مسلمانوں کی پردہ پوشی کرنا
- سلام کو پھیلانا
- چہرے پر مسکراہٹ رکھنا

متفرقات

- مسلمانوں کی طرف سے ملنے والی تکالیف کو تحمل، نرمی اور صبر سے برداشت کرنا
- دینی مجالس اور دیگر مستحب دعوتوں کو قبول کرنا
- مسلمان کو نعمت ملنے پر مبارک باد دینا
- غصہ پی جانا
- وعدہ پورا کرنا
- سچی گواہی دینا اور خیر کی سفارش کرنا
- دوسروں سے خیر خواہی اور احسان کا معاملہ کرنا
- نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا
- راستے سے تکلیف دہ چیز کو دور کرنا
- فائدہ مند چیز ادھار دینا
- خرید وفروخت میں سہولت دینا

- سنتوں کو پھیلانا
- ہر کام کی ابتدا بِسْمِ اللّٰہِ سے کرنا
- مسواک کرنا
- خوب اچھی طرح سے وضو کرنا اور اس کی حفاظت کرنا
- باوضو ہو کر سونا
- اجر کی نیت سے میت کی تجہیز وتکفین کرنا
- جنازوں میں شرکت کرنا
- حج مبرور ادا کرنا
- امانتوں کی حفاظت کرنا اور انہیں ادا کرنا
- اللہ سے شہادت کا سوال کرنا
- حق کے مطابق وصیت لکھنا

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION